203

III

Total No. of Questions - 16
Total No. of Printed Pages - 4

Regd. No. | | | | | | | | | | |

Part - II
URDU, Paper - II
(Second Language)

Time : 3 Hours] *[Max. Marks : 100*

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دیئے جائیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں :

.1 خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھتے ہوئے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے : 2 × 3 = 6

(1) رنج سفر کی کوئی نشانی تو پاس ہو
تھوڑی سی خاک کوچۂ دلبر ہی لے چلیں

(2) ہر ایک سمت سے سنگِ صدا کی بارش تھی
میں چپ رہا کہ یہی کچھ مآل میرا تھا

(3) مرنے کی دعائیں کیوں مانگوں، جینے کی تمنا کون کرے
یہ دنیا ہو یا وہ دنیا، اب خواہش دنیا کون کرے

(4) ہم کو معلوم تھا دریا میں نہیں ہے پانی
سر کو نیزے پہ چڑھانے کے لیے آئے تھے

.2 ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : 1 × 6 = 6

(1) ہماری حالت (2) تعلیمِ نسواں

.3 کوئی ایک سوال کا جواب لکھئے : 1 × 6 = 6

(1) خواجہ صاحب کی علامہ اقبالؔ سے ناراضگی اور خوش ہونے کا واقعہ لکھئے۔

(2) تمہید سے کیا مراد ہے؟ اس کے کیا اُصول ہیں؟ واضح کیجئے۔

.4 کوئی دو سوالات کے جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

(1) خط کے اصول بیان کیجئے۔

(2) سرسیّد نے اپنے پہلے خط میں مسدس حالیؔ کی تعریف کس انداز میں کی؟ لکھئے۔

(3) غالبؔ کا خطوط نگاری میں امتیازی طرز کیا ہے؟ تحریر کریں۔

(4) بیرنگ خط کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

5. ذیل کے اشعار سے کوئی دو کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے : $2 \times 3 = 6$

(1) یہ کہہ کہ چھیڑتی ہے ہمیں دل گرفتگی
گھبرا گئے ہیں آپ تو باہر ہی لے چلیں

(2) بے سبب روٹھ کے جانے کے لیے آئے تھے
آپ تو ہم کو منانے کے لئے آئے تھے

(3) چھپا رکھا تھا یوں خود کو کمال میرا تھا
کسی پہ کھل نہیں پایا جو حال میرا تھا

(4) گھر کی تعمیر تصور ہی میں ہو سکتی ہے
اپنے نقشے کے مطابق یہ زمیں کچھ کم ہے

6. متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجیے : $2 \times 3 = 6$

(1) ''عام طور سے مشہور ہے کہ سلاطین تیموریہ لڑکیوں کی شادی کرتے تھے۔''

(2) ''ہندوستانیوں نے بھی یہی عمل ہندی اور سنسکرت لفظوں کے ساتھ کیا ہے۔''

(3) ''یادش بخیر، وہ سلونا موسم جس کو اگلے وقتوں کی زبان میں جوانی کی راتیں مرادوں کے دن کہتے ہیں۔''

(4) ''اگر ان میں غیرت نہ ہوتی تو وہ بھی کنگلوں کی طرح اپنی پوری زندگی جامع مسجد کی سیڑھیوں پر گزار دیتے۔''

7. ذیل سے کسی دو کے مختصر جواب لکھیے : $2 \times 3 = 6$

(1) سلیمان خطیب نے اپنی نظم 'یاد' میں ''گجر کے باس'' کسے کہا ہے ؟

(2) نظم ''یہ دنیا حسین ہے'' کا تعارف پیش کیجیے۔

(3) انٹرویو کے دوران راجہ مہدی علی خاں نے جو سوالات کیے ہیں کیا وہ مناسب ہیں ؟

(4) تلوک چند محروم نے اپنی نظم 'ہماری حالت' میں مغرب کی حمایت کی ہے یا مخالفت ؟

8. حسب ذیل سے کوئی دو کے مختصر جواب لکھیے : $2 \times 3 = 6$

(1) شبلی نعمانی اردو کی ادبی تاریخ میں کن کن حیثیتوں سے مشہور ہیں ؟

(2) تہنید کے ٹھیک معنی کیا ہیں ؟

(3) مشتاق احمد یوسفی نے کھیلنے، کھانے اور جوانی کے دن کس کام میں گزارے ؟

(4) 'تعریب' کس زبان کا لفظ ہے ؟

9. ذیل سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھیے : $5 \times 1 = 5$

(1) لفظ 'اشغال' کے معنی کیا ہیں ؟

(2) ناصر کاظمی کہاں پیدا ہوئے ؟

(3) سلیمان خطیب کے شعری مجموعے کا نام لکھیے۔

(4) ''فیوچر آف اسلام'' کس نے لکھا تھا ؟

(5) سہریار کا اصلی نام کیا ہے ؟

10. ذیل کے جملوں کا ایک سطر میں جواب دیجیے : $5 \times 1 = 5$

(1) زیب النساء کا اصل نام کیا ہے ؟

(2) شاہد احمد دہلوی کس کے پوتے تھے ؟

(3) تفریس کس زبان کا لفظ ہے ؟

(4) مشتاق احمد یوسفی کس سن میں پیدا ہوئے تھے ؟

(5) 'بھیا' کس کا مضمون ہے ؟

11. اپنے والد کو خط لکھتے ہوئے امتحان کی فیس کی رقم روانہ کرنے کی گزارش کیجیے۔ $1 \times 5 = 5$

یا

دہلی کے کسی بک ڈپو کو کتابوں کا آرڈر دے کر کتابیں منگوائیے۔

12. جملوں کی ساخت درست کرتے ہوئے لکھیے : $6 \times 1 = 6$

(a) ذیل جملوں سے علامتِ فاعل ''نے'' کا استعمال کیجیے :

(1) حمید افسانہ لکھا۔

(2) حفیظ اس راز کو فاش کیا۔

(3) آپ اس کو نہیں بھلایا۔

(4) مشتاق فاروق سے دوستی کی۔

(5) مولوی صاحب سبق پڑھایا۔

(6) سیّد سلیمان ندوی علامہ شبلی کی شاگردی اختیار کی۔

(b) ذیل کے جملوں میں محاوروں کی شناخت کیجیے : $6 \times 1 = 6$

(1) آخر وقت اقبال کی صحت جواب دینے لگی۔

(2) وہ تو دم دبا کر بھاگ گیا۔

(3) میر لکھنؤ میں پیوندِ خاک ہوئے۔

(4) حسینہ گفتار ایسے کہ بات کرنے میں منہ سے پھول جھڑتے ہیں۔

(5) ان کی تو عادت ہے شوروغل مچانے کی۔

(6) مقدمے میں جیت کر وہ پھولے نہ سمایا۔

13. ذیل کے محاوروں میں سے کوئی چھ کے معنی لکھیے : $6 \times 1 = 6$

(1) کان میں رس گھولنا

(2) اندھیرا چھانا

(3) ہوش سنبھالنا

(4) دل ٹوٹ جانا

(5) ہاتھ پیر پھولنا

(6) منہ پھیر لینا

(7) پیوندِ خاک ہونا

(8) خبر دینا

(9) کھل اٹھنا

(10) منہ سے پھول جھڑنا

14. ذیل میں سے کوئی چھ الفاظ کو اضافت لگا کر لکھیے : $6 \times 1 = 6$

(1) بوے گل

(2) کسب معاشی

(3) کوے یار

(4) حسن معاشرت

(5) طریق پرستش

(6) خواہش دنیا

(7) شعلہ طور

(8) حسن عاقبت

(9) داروغہ زنداں

(10) شکوہ درد

15. ذیل میں سے کوئی چھ الفاظ کو سابقے یا لاحقے لگا کر لکھیے : $6 \times 1 = 6$

(1) پردہ

(2) مکان

(3) جواب

(4) شادی

(5) زیب

(6) سائنس

(7) آبرو

(8) ریاضی

(9) آشنا

(10) دوا

16. مطلع اور مقطع کی تعریف کیجیے اور مثالیں لکھیے۔ $1 \times 5 = 5$

یا

مصرعہ اور شعر کی تعریف کیجیے اور مثالیں لکھیے۔